MUD-004

MASTER'S DEGREE IN URDU

(MAUD)

ASSIGNMENT

(For July, 2021 and January, 2022 sessions)

Urdu Non-Fiction: MUD-004

غیرافسانوی اردو ادب

School of Humanities
Indira Gandhi National Open University
Maidan garhi, New Delhi-110068

اسائن مینٹ

ایم۔اے، اردو پروگرام

عزیز طلبہ !

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اسائن مینٹ آپ کے پروگرام کی مسلسل جانچ پڑتال کا ایک حصہ ہے۔امید ہے کہ آپ نے اپنا کورس دل لگا کر پڑھا ہوگا اور اس میں دی گئی تمام باتوں کی جانکاری حاصل کر لی ہوگی۔اس لیے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ آپ اس کورس کو سنجیدگی سے لیں اور وقت مقررہ پر اسائن مینٹ جمع کریں۔اسائن مینٹ جمع کرنے کے بعد ہی آپ اپنے امتحان میں بیٹھ سکتے ہیں۔ ہر کورس کا ایک اسائن مینٹ ہے اس طرح گویا آپ کو ایم۔اے،اردو پروگرام کے لیے پہلے سال میں چار (MUD-001, MUD-002, MUD-003, MUD-004) اسائن مینٹ جمع کرنے ہوں گے۔ ہر اسائن مینٹ ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ (TMA) ہیں جو سو،سو نمبروں پر مشتمل ہیں اور پورے کورس کا احاطہ کرتے ہیں۔

مقصد:

اس (TMA) کا مقصد یہ پتہ لگانا ہے کہ فراہم کیے گئے مواد کو آپ نے کتنا پڑھا اور سمجھا ہے۔یہ اسائن مینٹ نہ صرف آپ کی معلومات میں اضافہ کرے گا بلکہ یہ بھی بتائے گا کہ آپ اپنے کورس کے بارے میں کتنا جانتے ہیں۔آپ کورس کی اکائیوں کا بغور مطالعہ کیجیے اور جوابات سمجھ میں نہ آئیں تو اسٹڈی سینٹر جا کر اپنے کاؤنسلر سے پوچھیے۔اگر آپ نے اسائن مینٹ کے سوالوں کے اطمینان بخش جواب دیئے تو اعتماد کے ساتھ فائنل امتحان دے سکیں گے۔

مشورہ :

سوالات کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ضروری باتیں نوٹ کر لیجیے انھیں منطقی ربط کے ساتھ پیش کریئے۔سوالوں کے جوابات کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھیے۔اکائیوں کی عبارت کو جوں کا توں لکھنے سے گریز کیجیے۔اپنے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں لکھیے۔مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔تمہید میں بتایئے کی آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجیے۔آپ جواب دیتے وقت دوسری کتابوں کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔اس طرح آپ کے مطالعے کی وسعت کا اندازہ ہوگا اور موضوع پر آپ کی گرفت اور گیرائی کا بھی پتہ چل سکے گا۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ

- ☆ منطقی نوعیت کے ہوں
- ☆ جملوں اور پیراگرف کے درمیان ربط ہو
- ☆ خیال اور طرزِ تحریر میں مطابقت ہو
- ☆ سوالوں کا اتنا ہی جواب دیجیے جتنا پوچھا گیا ہے

ہدایت:

اتنا یاد رکھیے کہ فائنل امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے اسائن مینٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تا کہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن مینٹ موجود ہو۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

اپنا Assignment لکھنے سے پہلے حسبِ ذیل ہدایتوں کو غور سے پڑھیے۔

۱۔ پروگرام گائڈ میں Assignment سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔

۲۔ اپنا نام، رول نمبر، پورا پتہ اور تاریخ، کاپی کے پہلے حصے کی بائیں جانب لکھیے۔

۳۔ کاپی کے وسط میں کورس کا نام Assignment نمبر اور اس اسٹڈی سینٹر کا نام لکھیے، جس سے آپ وابستہ ہوں۔

۴۔ آپ کو ہر کورس کا Assignment جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن مینٹ جمع نہیں کیا تو فائنل امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

آپ کو اپنے اسائن مینٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ کچھ اس طرح پُر کرنا چاہیے:

کورس کا عنوان------------------------رول نمبر------------------------

Assignment نمبر------------------------نام ------------------------

اسٹڈی سینٹر کا نام --

۵۔ اپنے Assignment کے لئے فل اسکیپ سائز کا کاغذ استعمال کیجیے۔ صفحات الگ الگ نہ ہوں اور ہر صفحہ پر نمبر شمار کا درج ہونا بھی ضروری ہے۔

۶۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

۷۔ Assignment اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔

۸۔ Assignment اپنے اُسی اسٹڈی سینٹر پر جمع کیجیے جس سے آپ وابستہ ہوں۔

Last date for Submission of Assignments:

For June Examination: 30 April 2022

For Dec. Examination: 31 Oct. 2022

MUD-004 غیرافسانوی اردوادب

ٹیوٹرمارکڈاسائن مینٹ

Course Code	MUD-004
Course Title	غیرافسانوی اردوادب
Assignment Code	MUD-004/TMA/2021-2022
Coverage	All 7 Blocks
Marks	100

ہدایت: سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں اور نمبرات سامنے درج ہیں۔

Section " A " کے سوالوں کے نمبرات 30=10x3

سوال ا۔غیرافسانوی نثر سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ واضح کرتے ہوئے اسکی روایت پر جامع نوٹ تحریر کیجیے۔ 10

سوال ۲۔تذکرہ نگاری کے فن اوراس کی خصوصیات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔ 10

سوال ۳۔مجتبیٰ حسین کی خاکہ نگاری کی امتیازی خصوصیات تفصیل سے لکھیے۔ 10

Section " B " مختصر سوالوں کے نمبرات 30=5x6

سوال ۴۔آب حیات کی ادبی قدروقیمت متعین کیجیے۔ 5

سوال ۵۔سرسید احمد خاں کے حالات زندگی مختصراً تحریر کیجیے۔ 5

سوال ۶۔ خطوط نگاری کے فن کی پانچ خصوصیات بتائیے؟ 5

سوال ۷۔ابوالکلام آزاد کے نثری اسلوب پر ایک پیراگراف تحریر کیجیے؟ 5

سوال ۸۔فنِ مزاح سے متعلق اسٹیفن لی کاک کا نظریہ بتائیے؟ 5

سوال ۹۔اردو کی کسی اہم رپورتاژ کا مختصراً تعارف پیش کیجیے۔ 5

Section " C " طویل سوالوں کے نمبرات **40=10x4**

سوال ۱۰۔انشائیہ نگاری کے فن اور روایت پر تفصیلی نوٹ لکھیے؟ 10

سوال ۱۱۔ اردو میں سوانح نگاری کے فن اور روایت پر مکمل اور جامع نوٹ لکھیے؟ 10

سوال ۱۲۔ سفرنامے کی روایت اور فن پر روشنی ڈالیے؟ 10

سوال ۱۳۔طنزومزاح کے فن اور اردو میں اسکی روایت کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔ 10